نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی سفید مکھی کے موثر تدارک کے لیے سفارشات جاری کر دیں

لاہور 04 جولائی 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ سفید مکھی کپاس کی فصل کا ایک خطرناک کیڑا ہے جو ابتداء میں پتوں کا رس چوس کر پودے کو کمزور کر دیتا ہے اور شدید حملے کی صورت میں کپاس کے پتے پھپھوندی لگنے کی وجہ سے کالے ہو جاتے ہیں اور خوراک بنانے ، بڑھوتری و پھل لگنے کا عمل متاثر ہوتا ہے ۔سفید مکھی پتہ مروڑ وائرس کا باعث بنتا ہے اور اس سے کپاس کی پیداوار میں 60 فیصد تک کمی واقع ہونے کے ساتھ پھٹی کی کوالٹی بھی متاثر ہوتی ہے ۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ سفید مکھی کے موثر تدارک کے لئے کاشتکار ابتداء میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال کم کریں اور ہفتے میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور اگر سفید مکھی کی معاشی حد 5 بالغ یا بچے نظر آئیں تو فوراً محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے مقامی مشورے سے سپرے کریں۔کاشتکار چھ دنوں کے وقفہ کے بعد دوسرا سپرے کریں اور سپرے ترجیحاً صبح یا شام کے وقت کیا جائے ۔اس کے علاوہ سپرے کے لیے ہالوکون نوزل کا استعمال کیا جائے۔ مطلوبہ نتائج کے لیے 100 لیٹر پانی فی ایکڑ استعمال کریں تا کہ دوائی یکساں اور پودے پودے تک پہنچ سکے ۔ایک زہر کا بار بار استعمال نہ کیا جائے ۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کھیتوں میں پیلے رنگ کے 4 لیس دار چپکنے والے کارڈ کا استعمال کیا جائے اور انہیں 15 دن کے وقفہ سے تبدیل کیا جائے ۔کھیت کے اندر اور کھیت کے باہر جڑی بوٹیوں کو تلف کیا جائے کیونکہ جڑی بوٹیاں رس چوسنے والے کیڑوں کی پناہ گاہ کا کام سرانجام دیتی ہیں ۔کاشتکار فصل کو پانی کی کمی نہ آنے دیں۔

☆☆☆☆